


مجھے آپ سے بہت محبت ہے۔آپ میرے لئے نہایت قیمتی ہیں۔ مجھے ہر وقت آپ کا خیال ہے اور میرے پاس آپ کے لئے حیرت انگیز منصوبہ جات ہیں جن میں آپ کا مستقبل ہے اور ایک ایسی اُمید جس کی آپ توقع رکھتے ہیں اور جس کے بارے میں آپ سوچتے ہیں۔ یوحنا ۱:۱۔۴،۱۴،۳:۱۶۔۱۷، یرمیاہ ۲۹:۱۱، زبور۱۰۳:۱۔۱۸،
افسیوں۳:۲۰، یسعیاہ۵۵:۸۔۹

آپ میرے دل کے قریب اور مجھے بہت عزیز ہیں۔آپ کے ساتھ میرا تعلق صرف اِس لئے نہیں کہ مَیں نے آپ کو خلق کیا ہے بلکہ اِس لئے ہے کہ مَیں نے آپ کو نجات دی ہے کیونکہ مَیں نے سارے جہان کے گناہوں کے لئے اپنی جان دی ہے۔
زبور ۱۳۹:۱۳، یوحنا ۳:۱۶۔۱۷ کلسیوں ۱:۱۲۔۱۶،
گلتیوں ۳:۱۰۔۱۳، ۱یوحنا۲:۲، ۱پطرس۱:۱۸۔۱۹

## خُدا آپ کے گناہوں کو حساب میں نہیں لاتا

میری کامل زندگی اور صلیبی قربانی کے وسیلہ سے آپ کا خُدا کے ساتھ میل ہو گیا ہے۔کوئی فرق نہیں پڑتا کہ آپ کون ہیں یا آپ نے کیا کِیا ہے؟

خُدا آپ کے گناہوں کا شمار نہیں کرے گا۔ آپ اُس کے پاس آنے کے لئے آزاد ہیں کیونکہ اُس نے آپ کو بحال کیا ہے۔

۲ کرنتھیوں ۵:۱۹۔۲۱، رومیوں ۱۲:۱

مَیں آج آپ سے وہی بات کہتا ہوں جو مَیں نے اُس عورت سے کہی تھی جو زنا کاری میں پکڑی گئی تھی۔ ''کہ مَیں بھی تم پر فتویٰ نہیں لگاتا، چلی جا پھر گناہ نہ کرنا۔'' آپ میری غیر مشروط محبت سے لطف اندوز ہو سکتے ہیں اور اپنے گناہ اور درد سے نجات پا سکتے ہیں۔

یوحنا ۸:۱۱، رومیوں ۲:۴، ۵:۱۸، ۶:۱۴۔۱۶، ۸:۱

جب آپ مجھے پکاریں گے تو مَیں آپ کو جواب دوں گا اور پورے دل سے تلاش کریں تو مجھے پائیں گے۔ کیونکہ مَیں بھی دل سے آپ کو چاہتا ہوں۔ اگر آپ مجھے اجازت دیں گے تب مَیں آپ کے دل میں اپنا گھر بناؤں گا۔

یرمیاہ ۲۹:۱۲، ۱۳، متی ۱۱:۲۸۔۳۰، یوحنا ۱۴:۲۳، مکاشفہ ۳:۲۰

## کچلے ہوؤں کی شفاء اور آزادی

مَیں آپ سے بے انتہا محبت کرتا ہوں! جو کہ لاتبدیل ہے۔ جب آپ دُکھی ہوتے ہیں تو مَیں بھی آپ کے ساتھ دُکھی ہوتا ہوں۔ بالکل اُسی طرح جیسے والدین اپنے بچوں کے لئے دُکھی ہوتے ہیں۔

یرمیاہ ۳۱:۳، رومیوں ۸:۳۱۔۳۹،

متی ۲۳:۳۷۔۳۹؛ ۲۵:۳۴۔۴۵ ہوسیع ۱۱:۱۔۸۔

ساری دنیا کی تکالیف اور درد کا وجود آدم اور حوا کے اس انتخاب کے باعث ہوا، جب انہوں نے خدا کی مرضی کے خلاف گناہ کیا اور پھر میں نے ایک دم سے دُنیا کی نجات دینے کیلئے قدم بڑھایا۔

پیدائش ۲:۱۵، ۱۷؛ ۳:۱۳ مکاشفہ ۱۳:۸؛ رومیوں ۵:۱۲۔۱۸؛

یسعیاہ ۵۳:۴۔۶، یوحنا ۱:۲۹؛ ۴:۴۲؛ ۲ تیمتھیس ۱:۹، ۱ یوحنا ۲:۲

اپنی کامل زندگی اور صلیبی قربانی کے وسیلہ سے مَیں نے اس جہان کو تاریکی سے چھڑایا تا کہ ہر کوئی ابدی زندگی پائے۔ چنانچہ ہر کوئی آزاد ہے تا کہ گناہ اور ابلیس کے قبضہ میں نہ رہے۔

کلسیوں ۱:۱۲۔۱۴، رومیوں ۵:۱۸، ۲ کرنتھیوں ۵:۱۴۔۲۱،

۱یوحنا ۵:۱۰، ۱۱، یوحنا ۱:۹۔۱۳، ۳:۱۶۔۲۰

اپنی زمینی زندگی میں میرا مقصد غریبوں کو خوشخبری سُنانا، کچلے ہوؤں کو بحال کرنا اور گناہ کی غلامی میں جکڑے ہوؤں کو آزاد کرنا تھا۔ ابلیس نے بہت سے لوگوں کی غلط رہنمائی کی تا کہ وہ مجھے رَد کر دیں۔ اُس نے بہت سے لوگوں کو مجھ سے چُرایا۔ مَیں اِسلئے آیا کہ سب لوگ بھرپور زندگی کا تجربہ کریں۔ لوقا ۴:۱۸، مکاشفہ ۱۲:۷۔۹، ۱پطرس ۵:۸،

یوحنا ۸:۳۱، ۳۶؛ ۴۴؛ ۱۰:۱۰

## آپ کو دعوت ہے، آپ آئیں!

آپ جیسے بھی ہیں آپ کو دعوت ہے کہ آپ میرے پاس آئیں۔ مَیں آپ کو آپ کی ساری کمزوریوں کے باوجود قبول کروں گا اور سنبھالوں گا۔ درحقیقت خُدا کی بادشاہی اُن لوگوں کی ہے جو دِل کے غریب ہیں اور جو اپنی کمزوریوں کا اقرار کرتے ہیں اور مجھے اپنا نجات دہندہ قبول کرتے ہیں۔ متی ۱۱:۲۸۔۳۰، ۵:۳، رومیوں ۱۲:۱، زبور ۵۱:۱۷

مجھے اپنا نجات دہندہ قبول کرنے سے ہی آپ نئے سرے سے پیدا ہوتے ہیں۔ تب پاک رُوح کامل سچائی کے لئے آپ کی رہنمائی کرے اور سچائی تمہیں آزاد کرے گی۔ جب آپ ابلیس اور جھوٹ کو ترک کر کے سچائی کو جگہ دیں گے تب آپ کی زندگی بدل جائے گی اور آپ خوف، گناہ اور شرمندگی سے آزادی حاصل کریں گے۔

یوحنا ۱:۱۲، ۱۳، ۳:۵۔۶، ۸:۳۱۔۳۶، ۱۶:۱۳، رومیوں ۱۲:۲

۲ کرنتھیوں ۳:۱۸، ۲ تیمتھیس ۱:۷، ۱یوحنا ۱:۹؛ ۳:۱؛ ۴:۱۸

آپ اپنی زندگی کے اصل مقصد کو حاصل کریں گے جب آپ میری محبت اور خُدا کے ساتھ رفاقت کے تجربہ کو دوسروں کو سامنے بیان کریں گے۔

مرقس ۴:۲۰؛ ۵:۱۹،۲۰، مکاشفہ ۱۲:۱۱، ۲ کرنتھیوں ۵:۱۹۔۲۰،

متی ۲۸:۱۸۔۲۰

## محبت ہمیشہ آزادی بخشتی ہے

مَیں سچائی اور برکت کو قبول کرنے کے لئے کبھی آپ پر دباؤ نہیں ڈالوں گا۔ مجھے آپ کی فکر ہے۔ اگر آپ ایسا نہیں چاہتے تو بھی مَیں آپ کو دُوسری راہ پر جانے سے نہیں روکوں گا۔ حالانکہ اُس راہ میں تکالیف اور مشکلات ہیں۔ پھر بھی مَیں آپ کا انتظار کروں گا اور جب آپ مجھے مدد کے لئے پکاریں گے، مَیں آپ کو جواب دُوں گا۔ جب آپ ایسا کریں گے تو مَیں آپ کو نجات کی یقین دہانی کراؤں گا اور اگر آپ اپنی گناہ گار فطرت کی وجہ سے کچلے ہوئے محسوس کریں تب آپ شفاء کا تجربہ کریں گے۔

امثال ۱۲:۴۱، متی ۷:۱۳،۱۴، یعقوب ۱:۱۴۔۱۵، رومیوں ۱:۱۸۔۲۸،

یوحنا ۹:۱۱، زبور ۱۰۷، مکاشفہ ۳:۱۹۔۲۰، عبرانیوں ۱۲:۵۔۱۱

گناہ کی طرف راغب رہنے سے آپ میرا انتخاب اور میری حضوری کا ہرگز تجربہ نہیں کر سکیں گے۔ نتیجتاً آپ اس مقام پر پہنچیں گے جہاں آپ میرے ساتھ ہمیشہ ابدی زندگی کی بجائے ابدی موت کا شکار ہو جائیں گے۔

یوحنا ۳:۱۶۔۲۰، مکاشفہ ۶:۱۴۔۱۶، ۲۰:۷۔۱۵،

۱ کرنتھیوں ۱۵:۲۶، رومیوں ۶:۲۳

## محبت، خوشی اور اطمینان کا تجربہ کریں جس کی آپ کو آرزو ہے۔

اگر آپ چاہتے ہیں کہ مَیں آپ کا نجات دہندہ بنوں تو آپ کو مایوس نہیں ہونے دوں گا تو آپ اُس محبت کا تجربہ کریں گے جو آپ کے اندر سے خوف کو دُور کرے گی اور آپ کو ایسی خوشی ملے گی جو آپ سے کوئی بھی

لےنہیں سکے گا۔ ایوحنا ۴:۱۷۔۱۹، فلپیوں ۴:۶۔۷، یوحنا ۱۶:۲۲۔

مَیں چاہتا ہوں کہ آپ ایک دُوسرے کے ساتھ صبر کے ساتھ زندگی گزاریں۔جیسا ہی وہ بڑھیں گے تب شفقت،رحم اور معافی اُن پر منتقل ہوگی۔

گلتیوں ۵:۲۲، یوحنا ۷:۳۷۔۳۹، رومیوں ۱۲:۲، افسیوں ۴:۳۲

## اپنے دُشمنوں کی دیکھ بھال کے لئے مجھ پر بھروسہ کریں

جب کوئی آپ کو نہیں سمجھتا۔آپ سے بدسلوکی ہوتی ہے تو آپ بدلہ لینے کی سوچتے ہیں تو مجھے اُن لوگوں کو دُرست کرنے کے بارے میں بتائے بتائیں۔مَیں اُن کے دلوں تک پہنچنا چاہتا ہوں۔ کیونکہ مَیں یہ چاہتا ہوں کہ اُن کے دلوں تک بھی محبت پہنچے اور وہ آپ سے دُور جانے کی بجائے آپ کے دوست بن جائیں۔ جب مجھ سے بدسلوکی کی گئی اور مجھے کیلوں کے ساتھ صلیب پر جڑ دیا گیا۔تب مَیں نے بھی دُعا کی اَے باپ!اِن کو معاف کر کیونکہ یہ نہیں جانتے کہ کیا کرتے ہیں۔

رومیوں ۱۲:۱۷۔۲۱، عبرانیوں ۱۲:۵۔۱۱، متی ۵:۳۔۱۲،

لوقا ۴:۱۸، ۶:۲۷۔۳۸؛۲۳:۳۴، اعمال ۲:۳۶۔۴۲

## اپنی غلطیوں پر غور کریں

بدلہ لینے کی بجائے لوگوں کے ساتھ رحم دل بنیں۔ اُن کی ضرورتوں کو سمجھیں اور اُن کی دیکھ بھال کریں اور مناسب حدود مقرر کریں تا کہ تعلقات خراب نہ ہوں۔سچائی بیان کرنے سے کبھی نہ گھبرائیں۔لیکن یہ سب کچھ ہمیشہ محبت کی رُو سے کریں۔ کیونکہ میرے بغیر آپ کسی قسم کی سچائی بیان نہیں کر سکتے۔آپ کا کام ہے کہ آپ محبت کا انتخاب کریں تب پاک رُوح معجزانہ طور پر آپ کے اندر کام کرے گا۔رومیوں ۱۲اباب، افسیوں ۴:۱۴۔۱۶، یوحنا ۱۵:۴۔۵،۱۲ گلتیوں ۵:۱۳۔۲۵

جب آپ میری غیر مشروط محبت کا تجربہ کرتے ہیں تب آپ بالغ ہوتے جاتے ہیں اور دُوسروں سے محبت کرنا سیکھتے ہیں۔ جیسے مَیں نے آپ سے

محبت رکھی۔ تب آپ کی زندگی سے جو روشنی چمکے گی اُس کے وسیلہ سے وہ میرے پاس آئیں گے۔

یوحنا ۱۳:۳۴،۳۵؛ ۱۲:۳۲؛ ۱۵:۱۲، متی ۵:۱۶۔

## مَیں بہت جلد گناہ اور موت کا خاتمہ کر دُوں گا

وہ دن بہت جلد آنے والا ہے جب مَیں دوبارہ دُنیا میں واپس آؤں گا اور اُن سب کو ساتھ لے لوں گا جو ہمیشہ میرے ساتھ رہنا چاہتے ہیں۔ تمام لوگ جو زندہ ہیں اور جو سو گئے ہیں اور مجھ پر بھروسہ رکھتے ہیں وہ بدل جائیں گے اور اُٹھا لئے جائیں گے۔ یوحنا ۱۴:۱۔۳؛ ۲ تیمتھیس ۴:۸، ۱ تھسلنیکیوں ۴:۱۳۔۱۸، ۱ کرنتھیوں ۱۵:۵۱۔۵۴

مَیں بھی اُس دن کے انتظار میں ہوں جس دن ہم اکٹھے ہوں گے۔ تب سب گناہوں کا خاتمہ ہو جائے گا اور اِس دُنیا کو آگ سے پاک کروں گا۔ تب مَیں نئے آسمان اور نئی زمین کو برپا کروں گا۔ سب آنسو پونچھ دیئے جائیں گے، پھر نہ موت رہے گی، نہ درد، نہ آہ و نالہ۔

یوحنا ۱۴:۱۔۳، ۲ پطرس ۳:۱۰۔۱۳، ۱ کرنتھیوں ۱۵:۲۶، مکاشفہ ۲۰:۱۴؛ ۲۱:۱۔۴

تب تک مجھ پر بھروسہ رکھئے۔ مَیں آپ کی حفاظت کروں گا۔ کیونکہ مَیں دل سے آپ سے محبت رکھتا ہوں۔

متی ۶:۳۳، فلپیوں ۴:۱۹، ۱ پطرس ۵:۷، رومیوں ۶:۵۔۱۰، ۸:۳۱۔۳۲

ابدی محبت کے ساتھ
آپ کا منجی اور دوست
یسوع

مزید رُوحانی موضوعات کے مطالعہ کیلئے ہماری ویب سائٹ وزٹ کیجئے:



www.compellinglove.org
www.spiritualityandhealthpk.com

Contact: +92-300-7621629